Fair.

تلواڑ فلمز کا تیار کردہ تازہ ترین شاہکار

अफ़साना

افسانہ

اداکاران

وینا . کلدیپ کور . ککو . رندھیر

اشوک کمار . پران . سندر وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

خلاصہ کہانی

بغاوت کامیاب ہو جائے تو شاہی خاندانوں کی تاریخ بدل جاتی ہے۔ لیکن رعایا کی جنگِ آزادی اگر ناکام ہو تو اسے تاریخ میں غدر کا نام دیا جاتا ہے۔ رخسانہ ایسی ہی جنگِ آزادی کی کہانی ہے۔ پردہ پر دیکھیں

رخسانہ کے گانے

نمبر ۱

حسن والوں سے کہو آنکھیں ملایا نہ کرو
جلن ہماری ہے تو یوں سامنے آیا نہ کرو
بھری محفل میں لُٹ جاتے ہیں جلوہ دیکھنے والے
تماشہ خود نہ بن جانا تماشہ دیکھنے والے
ہزاروں تیر کھاتے ہیں مگر شکوہ نہیں کرتے
زمانے سے نہیں ڈرتے زمانہ دیکھنے والے
بھری محفل میں ......
ہمیں معلوم ہے تم نے ہمارا دل چرایا ہے
نظر پہچان لیتے ہیں اشارہ دیکھنے والے
بھری محفل میں ......

کورس — گانا نمبر ۲

ہمیں وہ بہت یاد آنے لگے ہیں
خوشی بن کے دل میں سمانے لگے ہیں
نگاہیں ملیں بے خودی چھا گئی
زمانے میں جیسے بہار آ گئی
زمیں آسماں مسکرانے لگے ہیں

بسائی ہیں دل نے نئی بستیاں
سلامت رہیں پیار کی مستیاں
قدم خود بخود ڈگمگانے لگے ہیں
نہ جاگے ہوئے ہیں نہ سوئے ہوئے
خیالوں میں اُن کے ہیں کھوئے ہوئے
وہ دن رات ہم کو ستانے لگے ہیں!

گانا نمبر ۳

لڑکا:۔ یہ چار دن بہار کے ہنسی خوشی گذار کے بھلا دو زندگی کے غم
لڑکی:۔ نثار تم پہ دل مرا کٹے گی زندگی سدا۔ تمہارے پیار میں صنم
کھلی ہوئی ہے چاندنی۔ چھڑی ہوئی ہے راگنی
لڑکا:۔ نظر نظر میں مستیاں۔ ادا ادا میں خوشیاں
لڑکی:۔ ہمیں تمہاری جستجو۔ تمہیں ہماری آرزو
بڑھے یہ پیار دم بدم —— یہ چار دن ...
تمہارے دل میں ہم رہیں۔ ہمارے دل میں تم رہو
لڑکا:۔ کسی سے اپنی داستاں نہ ہم کہیں نہ تم کہو
زمانہ چاہے کچھ کہے جفا کرے ستم کرے
جُدا نہ ہوں گے تم سے ہم —— یہ چار دن ....

گانا نمبر ۴

دن رات جفائیں کرتے ہیں دل لے کے سدا تڑپاتے ہیں
پھر بھی ہمیں پیار آجاتا ہے۔ جب سامنے وہ آجاتے ہیں
کھاتے ہیں برابر ہم قسمیں جائیں گے نہ اُن کی محفل میں
بتیابیِ دل کو کیا کہیے خود پاؤں اُدھر اُٹھ جاتے ہیں

دن رات ......

ہم روز ارادہ کرتے ہیں کہہ ڈالیں گے حالِ دل اپنا
جب اُن سے نگاہیں ملتی ہیں دل تھام کے ہم رہ جاتے ہیں

دِن رات ...

آغاز ہے جب یہ اُلفت کا ۔ انجام نہ جانے کیا ہوگا
ہم ان کو بھلاتے ہیں جتنا اتنا وہ ہمیں یاد آتے ہیں

دِن رات ....

گانا نمبر ۵

تیرا درد دِل میں بسا لیا تجھے اپنا ہم نہ بنا سکے
جو لکھا ہوا تھا نصیب میں وہ کسی طرح نہ مٹا سکے

نہ ملے تھے ہم کہ بچھڑ گئے نہ بسے تھے دِل کہ اُجڑ گئے
رہیں دِل کی دِل ہیں حسرتیں تجھے حالِ دِل نہ سنا سکے

تیرا درد دِل میں .....

میرے ٹوٹے دِل کی ہے یہ دُعا ۔ تُو جہاں میں پھولے پھلے سدا
گریں تجھ پہ ٹوٹ کے بجلیاں تجھے کوئی غم نہ ستا سکے

تیرا درد دِل میں .....

گانا نمبر ۶

تمہیں ہم یاد کرتے ہیں تمہیں ہم یاد کرتے ہیں
کہاں ہو تم کہاں ہو تم یہی فریاد کرتے ہیں
لُٹا کر اپنی دُنیا ہم چلے ہیں تیری محفل سے
خوشی میں جو گذارہ وہ زمانہ یاد کرتے ہیں

تمہیں ہم یاد کرتے ہیں ....

اُمیدیں ہیں نہ خوشیاں ہیں۔ اُمنگیں ہیں نہ ارماں ہیں
تمہارے غم سے اب دِل کا جہاں آباد کرتے ہیں
تمہیں ہم یاد کرتے ہیں.....

گانا نمبر ۴

لڑکا۔ تیرے جہاں سے چل دیئے دیتے ہوئے دُعائیں ہم
تیرا خدا بھلا کرے سہتے رہیں جفائیں ہم
شوق سے غم اُٹھائیں گے شکوے نہ لب پہ لائیں گے
دِل میں اُٹھے گا درد جب دیں گے تجھے دعائیں ہم
تیرے جہاں.....

لڑکی:۔ ہونا ہمیں جو یہ پتہ ہونا پڑے گا جوں جُدا
قدموں پہ تیرے دیتے جاں لے کے تیری بلائیں ہم
لڑکا:۔ تیرے جہاں سے چل دیئے دیتے ہوئے دُعائیں ہم
جاتے ہیں اب سلام لے۔ درد بھرا پیام لے
لڑکی:۔ ملنے کی مانگیا دُعا۔ یاد کبھی جو آئیں ہم
لڑکا:۔ تیرے جہاں سے چل دیئے دیتے ہوئے دُعائیں ہم
تیرا خدا بھلا کرے سہتے رہیں جفائیں ہم

کورس گانا نمبر ۵

دِل کو لگا کے حضور ہم تو ہوئے مجبور
ظالم نگاہوں نے مِل کے دُعا دی۔ دِل میں تمہاری اُلفت بسا دی
آنکھ کا سب ہے قصور ــــ دِل کو لگا کے.....
ہم سے وعدے کر و غیروں سے ملاقات کرو
جان ہم تم پہ نچھاور کریں تم گھات کرو

یہ تو نہیں دستور ـــــ دِل کو لگا کے ....

ظالم کے ہاتھوں سے دِل دور سے جلوہ دیکھیں
جان سے جائیں ہم اور آپ تماشہ دیکھیں
نہ کرو اتنا غرور ـــــ دِل کو لگا کے ....

آنکھیں چراؤ یا دامن بچاؤ ۔ جتنا بھی چاہو ہم کو رُلاؤ
چاہیں گے تم کو ضرور ـــــ دِل کو لگا کے ....

گانا نمبر ۹

تیرے جہاں سے چل دئے دیتے ہوئے دعائیں ہم
تیرا غم بھلا کر ۔ ہنستے رہیں جفائیں ہم
ہونا ہمیں جو یہ پتہ ۔ ہونا پڑے گا یوں جدا
قدموں پہ تیرے دیتے جاں لے کے تیری بلائیں ہم
تیرے جہاں ...

جاتے ہیں اب سلام لے ۔ پیار بھرا پیام لے
دفن ہوں تیرے کوچے میں بدلے وفا کے پائیں ہم
تیرے جہاں ...

(ختم شد)

بوٹ پالش سازی
ہماری اس کتاب میں بوٹ پالش سے متعلقہ تمام باتیں لکھی گئی ہیں۔ بوٹ کریم بنیکو۔ بینو لیس پالش بنانے کے سب نسخے شامل کر دئے گئے ہیں۔ بوٹ پالش کے تیار کرنے میں جن چیزوں کی ضرورت ہے سب کا پورا حال درج ہے۔ قیمت صرف ۱/۰ ۳/ محصول ڈاک معاف
ملنے کا پتہ: کرشن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دکان

تمباکو کی اشیاء بناکر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے تحفہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگریٹ۔ سگار۔ سرتی۔ زردہ۔ نسوار مصالحہ دار۔ جوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز و ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔ قیمت صرف ۔|۵|۱ محصولڈاک معاف

ٹیلرنگ کٹنگ اینڈ آلٹریشن بک

آسان طریقہ سے کپڑے کا کاٹنا سکھانیوالی کتاب۔ جس سے کم پڑھے لکھے آدمی بھی اپنا کام نکال سکتے ہیں۔ ہر قسم کا کپڑا کاٹنا سیکھنے کیلئے اس کتاب کو ضرور منگائیے۔ قیمت صرف ۔|۸|۱ محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۳۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں جسے دیکھکر گراہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔
قیمت صرف ۔|۴|۲ محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ بکٹ۔ معجون۔ خیرہ۔ پیٹنٹ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانے کے گر۔

ہزارہا روپے کے قیمتی فارمولے۔ کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز تحریر کر دیئے گئے ہیں۔

قیمت صرف ۔|۸|۱ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

دلچسپ اور کار آمد۔ راتوں کو نیند اڑا دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنے والے ایکٹروں ایکٹریسوں نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے پتے سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹریسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔

قیمت صرف ۱۰/۱عہ محصولڈاک معاف

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو مکمل ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے۔ ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات۔ نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط وکتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۲/۱/۰ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی